رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: نماز کی چابی، تحریم اور تحلیل کیا ہیں؟

سوال نمبر 2: "اذا کان قائما فی الصلاۃ قبض بیمینہ علی شمالہ" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 3: آقا ﷺ نے رکوع میں پیٹھ سیدھی نہ کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

سوال نمبر 4: امام مجاہد رحمہ اللہ تعالی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کی نماز کے حوالے سے کیا فرماتے ہیں؟

سوال نمبر 5: ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے پر دلیل پیش کیجئے۔

سوال نمبر 6: امام شافعی کے نزدیک قعدہ میں بیٹھنے کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: امام اعظم کے نزدیک کن الفاظ سے تکبیر تحریمہ کہنا جائز ہے؟

سوال نمبر 8: ہمارے نزدیک جہری نماز میں امام کے لیے کتنے سکتے مستحب ہیں؟

سوال نمبر 9: قراءت خلف الامام کے حوالے سے شوافع کا مؤقف مع دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: قراءت کے بعد آمین کہنے کے مستحب ہونے پر کیا اختلاف ہے؟

سوال نمبر 11: پہلی رکعت کو طویل کرنے پر حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: آقا کریم کے سجدے کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: جلسۂ استراحت کے حوالے سے اختلاف ائمہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: آقا کریم صحابہ کو تشہد کس طرح سکھاتے تھے؟

سوال نمبر 15: تشہد میں مٹھی باندھنے اور اشارہ کرنے کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: تشہد میں دعا کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: احناف اور شوافع کے نزدیک سلام کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: سدل کسے کہتے ہیں؟ اور اس پر حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: نماز میں آسمان کی طرف دیکھنے کے حوالے سے حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: نماز کے وقت میں کھانا حاضر ہونے اور قضاحاجت پیش آنے پر حدیث پاک بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: امام اعظم اور امام اوزاعی کا مناظرہ تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: نماز میں سلام پھرنے کے حوالے سے اختلاف ائمہ مع دلائل قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر 3: قرات کے بعد جہراً آمین کہنے حوالے سے اختلاف ائمہ مع دلائل زینت قرطاس کیجئے۔

سوال نمبر 4: سجدے میں جاتے ہوئے ہاتھ سے پہلے گھٹنے رکھنے کے حوالے سے اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: تشہد میں کیا پڑھا جائے گا؟ عربی اور ترجمہ دونوں تحریر کیجئے۔